# ✒ بزرگوں کے عقیدے ✒ (ایم۔سی۔کوئز)

1: کتاب بزرگوں کے عقیدے کے مصنف کا نام۔۔۔۔ہے ① جلال الدین سیوطی ② جلال الدین محلی ③ جلال الدین احمد امجدی

2: مصنف کو روحِ فتوی نویسی کا مکمل۔۔۔ ہے ① علم ② ادراک ③ اعتبار

3: مصنف۔۔۔۔ہجری میں اوجھا گنج ضلع بستی میں پیدا ہوئے۔① 1353 ② 1352 ③ 1462

4: مصنف۔۔۔۔میں پیدا ہوئے ① یوپی ② یمن ③ یونان

5: مصنف کے والد کا نام۔۔۔۔ہے ① اسماعیل ② ابراہیم ③ جان محمد

6: ۔۔۔۔ میں مصنف کے والد کو جامع مسجد کا امام مقرر کیا گیا۔ ① بڑھاپے ② ابتدائے جوانی ③ بتیس سال کی عمر

7: آبادی کے لوگ احتراماً مصنف کے والد کو ۔۔۔۔کہتے تھے۔ ① میاں جی ② تایا جی ③ ماموں جی

8: مصنف کے والد کا۔۔۔۔ عیسوی میں انتقال ہوا۔ ① 1952 ② 1953 ③ 1951

9: مصنف کی والدہ۔۔۔۔ایک دیندار گھرانے کی بیٹی تھیں۔ ① بی بی فاطمہ ② رحمت النساء ③ عائشہ

10: صاحبِ ہدایہ۔۔۔۔ہیں۔ ① ابو الحسن علی مرغینانی ② عبدالحق محدث دہلوی ③ محمد بن ادریس شافعی

11: مصنف کی والدہ باغ سے چنی ہوئی۔۔۔۔کو دھوکر سکھا لیتی تھیں۔ ① گھاس ② لکڑیوں ③ پتیوں

12: 14 جمادی الاولی۔۔۔۔ھ کو مصنف کی والدہ کا انتقال ہوا۔ ① 1399 ② 1401 ③ 1400

13: مصنف کے بڑے بھائی۔۔۔۔بڑے متقی، پرہیز گار اور دیندار تھے۔ ① سعدالدین ② قطب الدین ③ محمد نظام الدین

14: 4 رمضان المبارک۔۔۔۔ھ میں مصنف کے بڑے بھائی کا انتقال ہوا۔ ①1337 ② 1361 ③1363

15: مصنف کی دستار بندی 24 شعبان المعظم۔۔۔۔ کو علامہ ارشد القادری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائی۔ ①1371 ② 1375 ③1377

16: فقیہِ ملت نے حفظ کی تعلیم ۔۔۔۔۔سے حاصل کی۔ ① اپنے والد ② محمد زکریا ③ اپنی والدہ

17: مصنف نے۔۔۔۔۔ کی عمر میں قرآن مجید ناظرہ ختم کیا ① 7 سال ②2 سال ③9سال

18: فقیہِ ملت نے ۔۔۔۔ سال کی عمر میں حفظ کیا۔ ① ساڑھے گیارہ ②دس ③ ساڑھے دس

19: مصنف نے فارسی آمد نامہ کتاب، ضلع فیض آباد میں مولانا۔۔۔۔ سے پڑھی۔ ① عبدالحق دہلوی ② عبدالرؤف ③عبدالباری

20: مصنف،بعدِ مغرب، تقریباً بارہ بجے رات تک۔۔۔۔۔سے مدرسہ شمس العلوم میں پڑھتے تھے۔ ① ارشدالقادری ② شریف الحق ③ امجد علی اعظمی

21: مصنف 1956ء سے دارالعلوم ۔۔۔۔۔کے مدرس ہوگئے۔ ① قادریہ رضویہ ② فیض الرسول ③ اشرفیہ

22: مصنف نے 1957ء کو ۔۔۔۔۔ سال کی عمر میں پہلا فتوٰی لکھا۔ ① 26 ② 25 ③ 24

23: مصنف کے فتاوی کا مجموعہ بنام---- ہے۔ ① فتاوی افریقہ ② فتاوی فیض الرسول ③ فتاوی بریلی

24: مصنف کا فتاوی فیض الرسول ---- ھ کو منظر عام پر آیا۔ ① 1411 ②1412 ③1413

25: مصنف کی ---- کتابیں بیرونِ ملک چھپ کر پہنچ چکی ہیں۔ ①13 ②14 ③11

26: ہندی داں طبقہ کیلئے علماءِ اہلسنت میں سب سے پہلے فقیہِ ملت ہی نے---- کو ہندی میں چھپوایا۔ ① انوارالحدیث ② عجائب الفقہ ③ انوارشریعت

27: فقہ حنفی کی عظیم کتاب ہے۔ ① فتویٰ رضویہ ② بہارشریعت ③ ہدایہ شریف

28: احسن العلماء نے مارہرہ مطہرہ میں----کے موقع پر 1412ھ میں فقیہِ ملت کی خلافت کا اعلان فرمایا۔ ①عرسِ اعلیٰ حضرت ②عرسِ قاسمی ③عرسِ جیلانی

29: ----کا وصال 4 جُمادی الاُخریٰ 1422ھ، بمطابق 24 اگست 2001ء شبِ جمعہ ہوا۔ ① جلال الدین محلی ② جلال الدین امجدی ③امام ترمذی

30: تصرف کے معنٰی ہیں۔ ①پھیرنا ②اختیار ③صرف کا علم حاصل کرنا

31: حضورسیدعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصالِ اقدس گیارہ ہجری، بمطابق----ء میں ہوا۔ ① 630 ② 631 ③ 632

32: مکہ والوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ --- دکھائیں۔ ① کوئی معجزہ ② بارش برساکر ③ درخت بلاکر

33: سرکارِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے---- انہیں دکھا دیا۔ ① چاند کے دوٹکڑے فرماکر ② درخت بلاکر ③بارش برساکر

34: مکہ والوں نے----کو چاند کے دو ٹکڑوں کے درمیان دیکھا۔ ① قطب ستارے ② حرا پہاڑ ③ جبلِ احد

35: علامہ جامی کی مشہور کتاب ہے۔ ① یوسف زلیخا ② بزرگوں کے عقیدے ③ کافیہ

36: چاند کی گولائی---- کے دائرے کی طرح ہے۔ ① میم ② واؤ ③ ھا

37: حضورعلیہ السلام---- پر تھے،برتن میں اپنا----دیا۔ ①مقامِ بیضاء/لعابِ دھن ڈال ②مقامِ زوراء/دستِ مبارک رکھ ③مقامِ حرا/پاؤں مبارک ڈال

38: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کہ ہم تو معجزات کو باعثِ---- سمجھتے تھے۔ ① نعمت ② برکت ③ تخویف

39: حضرت----رضی اللہ عنہ نے فرمایا! میں نے قطعی طور پر دیکھا کہ حضور علیہ السلام کی مقدس انگلیوں کی گھائیوں سے پانی اُبل رہا تھا۔①عباس ②عمر ③عبداللہ بن مسعود

40: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے----کی طرح پانی اُبلنے لگا۔ ① فواروں ② چشموں ③ ٹونٹیوں

41: حضرت جابر نے فرمایا! اگر ہم ایک---- بھی ہوتے تو تب بھی وہ پانی کافی ہوتا اُس وقت تو ہماری تعداد پندرہ سو تھی۔ ① پانچ ہزار ② پچیس ہزار ③ لاکھ

42: انگلیاں ہیں فیض پر ٹوٹے ہیں پیاسے جھوم کر؛ یہ مصرعہ----کا ہے۔ ①ذوقِ نعت ②حدائقِ بخشش ③سامانِ بخشش

43: کل میں یہ جھنڈا ضرور اس شخص کے ہاتھ میں دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالٰی فتح عطا فرمائے گا۔ ① حضرت سلمان ② حضرت خالد ③ حضرت علی

44: حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ کی----دُکھتی ہیں۔ ① ٹانگیں ② آنکھیں ③ کہنیاں

45: حضرت----رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت اُمِ عاصم فرماتی ہیں کہ ----کے یہاں ہم چار عورتیں تھیں۔ ① عتبہ بن فرقد ② سالم ③ قتادہ

46: جو خوشبو ۔۔۔۔رضی اللہ عنہ کے جسم سے آتی وہ ہماری خوشبو سے بہت زیادہ اچھی ہوتی۔ ① عتبہ ② براء بن عازب ③ عبداللہ بن عتیک

47: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عتبہ سے فرمایا: ① کھجوریں لا دے ② پھل لا دے ③ کپڑے اُتار دے

48: حضورعلیہ السلام نے اپنا لعابِ دہن میرے پیٹ اور پیٹھ پر مل دیا بیماری دور ہوگئی اور اسی دن سے مجھ میں۔۔۔۔پیدا ہوگئی۔ ① قوت ② ہمت ③ خوشبو

49: حضور علیہ السلام نے لعابِ دھن حضرت عتبہ کے پیٹ و پیٹھ پر مل دیا تو۔۔۔۔ ① بیماری دور ہوگئی ② خوشبو پیدا ہوگئی ③ مذکورہ دونوں

50: ابو رافع حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت بڑا۔۔۔۔تھا۔ ① عاشق ② دشمن ③ معتقد

51: ابو رافع یہودی کو۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا۔ ①حضرت عبداللہ بن زبیر ②حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ③حضرت عبداللہ بن عتیک

52: حضرت عبداللہ بن عتیک، ابو رافع کے۔۔۔۔ سے اُترنے لگے تو زینے سے گر گئے۔ ① اونچے مکان ② گھر کے دروازے ③ چبوترے

53: حضرت عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کی۔۔۔۔ ٹوٹ گئی۔ ① انگلی ② پنڈلی ③ ٹانگ

54: یَا عَائِشَةُ! لَوْ شِئْتُ لَسَارَتْ مَعِيَ جِبَالُ۔۔۔۔ ① الْفِضَّةِ ② الذَّهَبِ ③ الْيَاقُوْتِ

55: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! اگر میں چاہوں تو میرے ساتھ۔۔۔۔چلیں۔ ① درخت ② بادل ③ سونے کے پہاڑ

56: حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کے پاس بکری بھیجی گئی۔ ① ہدیۃً ② اجارۃً ③ قیمتاً

57: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو رافع (رضی اللہ عنہ)! ہم کو۔۔۔۔دو۔ ① تکیہ ② دست ③ چادر

58: حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حضورعلیہ السلام کے ہمراہ حج سے فارغ ہوکر۔۔۔۔ پہنچے۔ ① مقامِ اُحد ② مقامِ روحاء ③ مقامِ زوراء

59: اگر تم چپ رہتے تو جب تک میں۔۔۔۔ مانگتا تم دیتے رہتے۔ ① کھجوریں ② مرغی ③ دست

60: حج فرض ہونے والی حدیث ۔۔۔۔رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ① عمرفاروق اعظم ② ابنِ عباس ③عبداللہ بن مسعود

61: ۔۔۔۔نے کھڑے ہوکر عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہر سال حج فرض ہے؟ ① اقرع بن حابس ② انس بن مالک ③ ابوعبیدہ بن جراح

62: حضور علیہ السلام نے فرمایا: اگر میں۔۔۔۔کہہ دوں تو ہر سال حج فرض ہو جائے۔ ① نہ ② ہاں ③ قبول ہے

63: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اکرم علیہ السلام کی خدمت میں۔۔۔۔تھے کہ ایک شخص آیا۔ ① کھڑے ہوئے ② بیٹھے ہوئے ③ دست بستہ

64: رسول اللہ علیہ السلام کے پاس ایک ٹوکرا۔۔۔۔ کا لایا گیا۔ ① سبزیوں ② کھجوروں ③ پھلوں

65: قسم خدا کی، مدینہ کے دونوں سنگلاخ میدانوں کے درمیان میرے اہل و عیال سے بڑھ کر کوئی۔۔۔۔نہیں۔ ① محتاج ② ضرورت مند ③ غریب

66: رسول اللہ علیہ السلام ہنس دیئے یہاں تک کہ۔۔۔۔دکھائی دیئے۔ ① مسرور ② بے حد خوش ③ سامنے کے دونوں دانت

67: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میرے خالو حضرت۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے نمازِ عید سے پہلے قربانی کرلی۔ ① ابوبردہ ② ابوہریرہ ③ ابو رافع

68: ۔۔۔۔ کا بکری کا بچہ ہے۔فرمایا: اُسی کو ذبح کردو اور تمہارے سوا کسی کیلئے ایسا کرنا درست نہ ہوگا۔ ① سات ماہ ② چھ ماہ ③ آٹھ ماہ

69: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک۔۔۔۔۔سے گھوڑا خریدا۔ ① اعرابی ② صحابی ③ عربی

70: رسول اکرم علیہ السلام نے ایک اعرابی سے گھوڑا خریدا؛ یہ حدیث حضرت۔۔۔رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ①ابوہریرہ ②براء بن عازب ③نعمان بن بشیر

71: حضرت خذیمہ آئے اور انہوں نے کہا: اے اعرابی! میں گواہی دیتا ہوں کہ تونے گھوڑا۔۔۔۔ ① بیچ دیاہے ② لے لیاہے ③ دے دیا ہے

72: حضرت خذیمہ نے کہا: میں حضور علیہ السلام کی تصدیق۔۔۔پر کرتا ہوں۔ ① غیبی خبروں ② آسمانی خبروں ③ زمین

73: نبی اکرم علیہ السلام نے حضرت۔۔۔رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو مردوں کی گواہی کے برابر کردیا۔ ① خزیمہ ② اسامہ ③ حنظلہ

74: حضورسیدعالم علیہ السلام کا عقیدہ تھا کہ خدائے تعالیٰ نے مجھے۔۔۔۔ پر بھی اختیارِکلی عطا فرمایا ہے۔① احکامِ شرعیہ ② بیماریاں دور کرنے ③ معجزہ دکھانے

75: مصطفیٰ آئینہ روئے خداست منعکس دروے ہمہ خوئے خداست ① مولانا روم ② امیر خسرو ③ ڈاکٹر اقبال

76: سورۃِ اٰل عمران میں ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام نے۔۔۔۔ سے فرمایا: ① قریش ② بنی اسرائیل ③ عرب

77: فرمانِ عیسی علیہ السلام: میں مٹی سے پرندے کی صورت بناتا ہوں اور اس میں۔۔۔مارتا ہوں تو وہ فوراً پرند ہوجاتی ہے۔ ①عصا ②یدِ بیضا ③پھونک

78: میں شفا دیتا ہوں مادر زاد اندھے اورسفید داغ والے کو اور مردے کو زندہ کرتا ہوں اللہ کے حکم سے۔①حضرت عیسیٰ ②حضرت ابراہیم ③حضرت موسیٰ

79: بنی اسرائیل کی درخواست پر حضرت عیسی علیہ السلام نے مٹی سے۔۔۔کی صورت بنائی پھونک ماری تو وہ اڑنے لگی۔ ① چڑیا ② فاختہ ③ چمگادڑ

80: حضرت عمرفاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا نامِ نامی ہے۔ ① فاروق اعظم ② عمر ③ ابوحفص

81: حضرت عمرفاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے۔ ① ابوحفص ② ابوعبداللہ ③ ابوتراب

82: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لقب ہے۔ ① عمر ② فاروق ③ فاروقِ اعظم

83: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ماں کا نام ہے۔ ① اسماء ② عنتمہ ③ عائشہ

84: حضرت عمرفاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی والدہ،۔۔۔کی بہن ہیں۔ ① ابوجہل ② ابولہب ③ شیبہ

85: عنتمہ ۔۔۔۔کی بیٹی ہیں۔ ① ہاشم ② ہشام بن مغیرہ ③ عبداللہ

86: حضرت عمرفاروق اعظم رضی اللہ عنہ واقعہ فیل کے ۔۔۔۔ سال بعد پیدا ہوئے۔ ① 15 ② 14 ③ 13

87: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اعلانِ نبوت کے چھٹے سال۔۔۔۔برس کی عمر میں اسلام سے مشرف ہوئے۔ ①29 ②28 ③27

88: اَبُوْلُؤْلُؤْ فیروز۔۔۔۔نے 26 ذوالحجہ 23ہجری بدھ کے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر قاتلانہ حملہ کیا۔ ① مسلمان ② یہودی ③ مجوسی

89: ابولؤلؤ فیروزنے۔۔۔23ہجری بدھ کے دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر قاتلانہ حملہ کیا۔ ①26ذوالحجہ ②23محرم الحرام ③19صفرالمظفر

90: زخمی ہونے کے ۔۔۔۔ بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وفات پائی۔ ① تین دن ② چار دن ③ پانچ دن

91: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔۔۔سال کی عمر میں وفات پائی۔ ①65 ②63 ③62

92: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ۔۔۔۔ امورِ خلافت کو انجام دیا۔ ① دس برس، چھ ماہ، چار دن ② سات برس ③ بارہ برس تین ماہ

93: حضرت عمرو بن العاص نے حضرت عمر کے زمانۂ خلافت میں۔۔۔ کو فتح کیا۔ ① یمن ② روم ③ مصر

94: اسلام لڑکی کو۔۔۔میں ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دے سکتا۔ ① نہرِ فرات ② دریائے دجلہ ③ دریائے نیل

95: بے شک۔۔۔تمام لغو اور بے بیہودہ باتوں کو مٹانے آیا ہے، اس رقعہ کو دریائے نیل میں ڈال دینا۔ ① دین ② اسلام ③ پیغمبرِ اسلام

96: اگر تو بذات خود جاری ہوتاہے تو مت جاری ہو، اگر خدا تجھے جاری فرماتاہے تو میں اللہ سے دعاکرتاہوں کہ وہ تجھے جاری فرمادے۔① عمر ② عمرو ③ عثمان

97: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ کے نواح میں۔۔۔بنا رہے تھے۔ ① مسجد ② گھر ③ اینٹیں

98: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں ۔۔۔ آیا۔ ① زلزلہ ② کاروان ③ قافلہ

99: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمین پر۔۔۔مار کر فرمایا: کہ ٹھہر جا! کیا میں نے تجھ پر عدل نہیں کیاہے؟ ① ہاتھ ② کوڑا ③ پاؤں

100: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمین پر کوڑا مار کر فرمایا: کہ۔۔۔ ① ٹھہر جا ② اوپر ہوجا ③ نیچے ہوجا

101: فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے ایک۔۔۔پر لکھا: اے آگ حکمِ خداوندی سے تھم جا: لوگوں نے اُسے آگ میں ڈالا تو آگ فورًا بجھ گئی۔① ورق ② کاغذ ③ چیتھڑے

102: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریائے نیل والے واقعے سے یہ ثابت کردیا کہ خدا نے مجھے۔۔۔کی قوت عطا فرمائی ہے۔ ① تصرف ② علمِ غیب ③ خلافت

103: حضرت انس رضی اللہ عنہ کا وصال مبارک ۔۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 93 ② 92 ③ 91

104: حضرت انس رضی اللہ عنہ ۔۔۔۔ کے بیٹے ہیں۔ ① عاص ② مالک بن نضر ③ مسعود

105: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے۔ ① ابو حفص ② ابو عمر ③ ابوحمزہ

106: حضرت انس رضی اللہ عنہ۔۔۔۔۔سے تعلق رکھتے ہیں۔ ① قبیلۂ قریش ② قبیلۂ خزرج ③ قبیلۂ اوس

107: حضور سیدِ عالم علیہ السلام کے خاص خادم ہیں۔ ① حضرت زید رضی اللہ عنہ ② حضرت انس رضی اللہ عنہ ③ حضرت سعد رضی اللہ عنہ

108: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام۔۔۔۔ہے ① اُم عثمان ② اُم سلیم بنت ملحان ③ ام کلثوم

109: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے تو اس وقت حضرت انس رضی اللہ عنہ کی عمر۔۔۔سال تھی۔ ① 11 ② 10 ③ 9

110: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانۂ خلافت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ۔۔۔۔منتقل ہوگئے تاکہ لوگوں کو دین کی باتیں سکھائیں۔ ① بصرہ ② مصر ③ مکہ

111: بصرہ کے صحابہ میں سب سے آخر میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا، آپ کی عمر۔۔۔سال ہوئی۔ ① 104 ② 102 ③ 103

112: علامہ ابنِ عبد البر کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی۔۔۔اولاد ہوئی۔ ① 100 ② 97 ③ 93

113: بعض لوگوں نے کہا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی۔۔۔اولاد ہوئی۔ ① 79 ② 81 ③ 80

114: رسول اللہ علیہ السلام کی خدمت میں۔۔۔کا ایک برتن حاضر کیاگیا جس کے اندر پانی تھا۔ ① پتھر ② چینی ③ مٹی

115: نور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام؛ یہ۔۔۔۔کا شعر ہے۔ ① جمیل الرحمٰن ② اعلیٰ حضرت ③ حسن رضا خان

116: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا وصال مبارک ۔۔۔۔ ھ میں ہوا۔ ① 59 ② 57 ③ 55

117: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مشہور نام۔۔۔۔ہے۔ ① عبدالرحمن ② عبدالشمس ③ عبدعمرو

118: زمانۂ جاہلیت میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا نام تھا۔ ① عبدالشمس ② عبدالعزی ③ عبدمناف

119: چھوٹی سی۔۔۔پالنے کے سبب ابوہریرہ کنیت کو نام سے زیادہ شہرت ملی۔ ① طوطی ② چڑیا ③ بلی

120: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ۔۔۔۔کے سال جو ہجرت کاساتواں سال ہے اسلام لائے۔ ① فتحِ مکہ ② فتحِ خیبر ③ فتحِ کسریٰ

121: فرمانِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ: میں بھوک میں روئے زمین پر اپنے جگر پر اعتماد کرتا تھا اور اپنے۔۔۔پر پتھر باندھا کرتا تھا۔ ① جگر ② کندھے ③ پیٹ

122: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھوک کی وجہ سے۔۔۔۔کرتے تھے۔ ① لیٹ جایا ② سو جایا ③ پیٹ پر پتھر باندھا

123: فرمانِ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ: حضور رحمتِ عالم علیہ السلام نے مجھے دیکھا اور میرے۔۔۔۔کی کیفیت جان کر مسکرائے۔ ① ظاہر ② باطن ③ دِل

124: اصحابِ صُفہ۔۔۔۔تھے نہ تو ان کے پاس گھر تھا اور نہ مال و دولت۔ ① غریب ② اسلام کے مہمان ③ اغنیاء

125: اصحابِ صفہ کی تعداد تھی۔ ① 70 ② 55 ③ 65

126: جب حضورعلیہ السلام کے پاس کچھ صدقہ آتا تو آپ علیہ السلام اُسے۔۔۔۔ ① بانٹ دیتے ② خود رکھتے ③ اصحابِ صفہ کے پاس بھیج دیتے

127: حضور علیہ السلام نے فرمایا: اے۔۔۔۔پیالہ اٹھاؤ اور ان لوگوں کو دو۔ ① حضرت علی رضی اللہ عنہ ② حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ③ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

128: حضورعلیہ السلام نے پیالہ۔۔۔۔پر رکھا اورحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ کر تبسم فرمایا۔ ① چادر ② اپنے مقدس ہاتھ ③ حضرت ابوہریرہ کے ہاتھ

129: قسم ہے اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا کہ اب دودھ گزرنے کی بھی۔۔۔۔باقی نہیں رہی۔ ① راہ ② جگہ ③ سبیل

130: کیوں جنابِ بوہریرہ کیسا تھا وہ جامِ شیر جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منہ پھر گیا۔ ① حدائقِ بخشش ② وسائلِ بخشش ③ دیوانِ سالک

131: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک لڑائی میں تھے کہ لشکریوں کو۔۔۔۔کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔ ① کھانے ② ہتھیاروں ③ زادِ راہ

132: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میرے تھیلے میں کچھ۔۔۔۔ ہیں۔ ① روٹیاں ② کھجوریں ③ ککڑیاں

133: ۔۔۔۔رضی اللہ عنہ نے دستر خواں بچھا دیا۔ ① حضرت عثمان ② حضرت ابوہریرہ ③ حضرت علی

134: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کھجوریں نکالیں تو وہ۔۔۔۔دانے تھے۔ ① 23 ② 21 ③ 19

135: حضور علیہ السلام نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب تم نکالنا چاہو تو اپنا ہاتھ ڈال کر کھجوریں نکالتے رہنا مگر اسے۔۔۔۔نہ کرنا۔ ① سیدھا ② الٹا ③ اوندھا

136: ایک وسق۔۔۔۔کا ہوتا ہے۔ ① 90 صاع ② 80 صاع ③ 60 صاع

137: ایک صاع تقریباً۔۔۔۔ہوتا ہے۔ ① 5 کلو گرام ② 10 کلو گرام ③ 4 کلو گرام

138: پچاس وسق کھجوریں لگ بھگ۔۔۔ہوئیں۔ ① 12ہزار کلو گرام ② 10ہزار کلو گرام ③ 50 کلو گرام

139: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا وصال مبارک ۔۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 237 ② 257 ③ 256

140: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا اصلی نام۔۔۔۔ہے ① محمد ② عیسٰی ③ علی

141: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے والد کا نام ہے۔ ① یوسف بن اسمائیل ② اسماعیل بن ابراھیم ③ ابراہیم بن مغیرہ

142: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ کو خواب میں۔۔۔علیہ السلام کی زیارت ہوئی۔ ① حضرت ابراہیم ② حضرت موسیٰ ③ حضرت عیسی

143: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے۔۔۔کی روشنی میں تاریخ کبیر تصنیف فرمائی۔ ① چراغ ② سورج ③ چاند

144: ابنِ حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر کے مطابق امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کل کتابیں لکھیں ہیں۔ ①11 ②22 ③33

145: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی سب سے زیادہ مشہور و مقبول کتاب ہے۔ ① تاریخ کبیر ② بخاری شریف ③ الادب المفرد

146: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ہر حدیث کو لکھنے سے پہلے آبِ زم زم سے غسل فرماتے، مقامِ ابراہیم میں۔۔۔پڑھتے۔ ① قرآن ②دو رکعت نفل ③حدیث

147: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو۔۔۔حدیثیں ان کے راویوں کے نام اور حالات کے ساتھ یاد تھیں۔ ① 6 لاکھ ② 2 لاکھ ③ 1 لاکھ

148: بخاری شریف میں کل۔۔۔حدیثیں ہیں۔ ①8790 ②2356 ③7275

149: بخاری شریف میں حذفِ مکررات کے بعد۔۔۔ہزار حدیثیں ہیں۔ ① تین ② پانچ ③ چار

150: ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نے ایک بکری کا دودھ اس کے چرواہے سے۔۔۔دوہا۔ ① اجازت لے کر ② اِذن لے کر ③ پوچھ کر

151: گھوڑا پیٹ تک۔۔۔سمیت زمین میں دھنس گیا۔ ① سراقہ ② زین ③ لشکر

152: ۔۔۔نے بہت حدیثیں سنیں، بھول گئیں، فرمایا: چادر پھیلاؤ، لپ بھر کر ڈالا، سینے سے لگائی اسکے بعد کوئی حدیث نہیں بھولے۔① عمر ② انس ③ ابوہریرہ

153: ۔۔۔رضی اللہ عنہ نے خندق والوں کی دعوت کی۔ ① حضرت علی ② حضرت جابر ③ حضرت عثمان

154: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹے میں لعابِ دھن ڈالا اور۔۔۔کی دعا مانگی۔ ① رحمت ② فضل ③ برکت

155: کھانے والوں کی تعداد۔۔۔تھی، سب نے شکم سیر ہو کر کھایا، ہانڈی میں اُتنا ہی گوشت موجود تھا جتنا پکنے کیلئے رکھا تھا۔ ① ہزار ② پانچ سو ③ دوسو

156: ۔۔۔رضی اللہ عنہ کی پنڈلی پر غزوۂ خیبر کے دن زبردست مار لگی۔ ① حضرت سلمہ بن اکوع ② اقرع بن حابس ③ حضرت جابر

157: حضور علیہ السلام نے تین بار حضرت سلمہ کی پنڈلی پر تھُک تھُکایا (تھو تھو کیا) پھر پنڈلی میں کبھی۔۔۔۔ نہ ہوا۔ ① زخم ② درد ③نقصان

158: امام مسلم کا نامِ نامی ہے۔ ① محمد عیسٰی ② مسلم بن حجاج قشیری ③ محمد بن اسماعیل

159: امام مسلم کی کنیت ہے۔ ① ابوالحسین ② ابو محمد ③ ابو عیسی

160: امام مسلم کا لقب مبارک ہے۔ ①سعد الدین ②عساکر الدین ③جمال الدین

161: امام مسلم کا تعلق۔۔۔۔سے تھا۔ ① قبیلہ بنی نجار ② قبیلہ قریش ③ قبیلہ بنی قُشیر

162: امام مسلم۔۔۔۔ھ میں پیدا ہوئے۔ ①204 ②105 ③106

163: امام مسلم کا وطن۔۔۔۔ہے جو ایران میں صوبہ خراسان کا مشہور شہر ہے۔ ① نیشاپور ② عراق ③ ایران

164: جمہور عُلماء کے نزدیک صحیح مسلم صحت ومَتَانت میں بخاری کے بعد۔۔۔۔درجہ کی کتاب ہے۔ ① دوسرے ② تیسرے ③ چوتھے

165: امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کا وصال مبارک۔۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 236 ② 261 ③ 264

166: حدیث کی تلاش میں بے اندازہ۔۔۔۔کھا لینا ہی امام مسلم کی وفات کا سبب بنا۔ ① شہد ② کھجوریں ③ انگور

167: رسولِ اکرم علیہ السلام مدینہ طیبہ میں۔۔۔۔پر تھے کہ ایک پیالہ حضور کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ ① مقامِ روحاء ② مقامِ زوراء ③ بطحاء

168: حضور علیہ السلام نے اپنی۔۔۔۔پیالے میں رکھ دی۔ ① مقدس ہتھیلی ② مبارک انگلی ③ قمیض مبارک

169: حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوحمزہ! پیالے سے وضو کرنے والے آپ لوگ کتنے تھے؟ ① سو ② دو سو ③ تقریباً تین سو

170: رسول اکرم علیہ السلام کے سامنے ایک شخص نے اپنے بائیں ہاتھ سے کھایا تو حضور علیہ السلام نے فرمایا:۔۔۔۔ ① اُٹھ جا ② رک جا ③ داہنے ہاتھ سے کھا

171: بائیں ہاتھ سے کھانے والے نے۔۔۔۔کی وجہ سے جھوٹا عذر کیا تھا۔ ① تکبر ② ناراضگی ③ شرم

172: حضور علیہ السلام نے۔۔۔۔درخت سے فرمایا۔ ① بلا کر ② شاخ پکڑ کر ③ بلند آواز سے

173: حضور علیہ السلام نے فرمایا: بحکمِ خدا میرے ساتھ چل: وہ درخت۔۔۔۔کی طرح چل پڑا۔ ① بکری ② ہاتھی ③ اونٹ

174: اے۔۔۔۔! تم دونوں بحکمِ الٰہی آپس میں مل کر میرے لیے پردہ بن جاؤں تو دونوں ایک دوسرے سے مل گئے۔ ① کمبلو ② درختو ③ پردو

175: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے۔۔۔۔کی آڑ میں قضائے حاجت فرمائی۔ ① پہاڑوں ② دیواروں ③ درختوں

176: امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال مبارک۔۔۔۔ ھ میں ہوا۔ ① 280 ② 279 ③ 278

177: امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ ① مسلم بن حجاج ② ابوعیسیٰ محمد عیسیٰ ③ قاضی عیاض

178: حلِ مشکلات کیلئے۔۔۔۔کا پڑھنا مشائخ و اکابر کے تجربہ میں آ چکا ہے۔ ①مشکوٰۃ ②ھدایہ ③شمائل النبی

179: ایک۔۔۔۔نے حضور علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں کیسے یقین کروں کہ آپ سچے نبی ہیں؟ ①چور ②دیہاتی ③یہودی

180: حضور علیہ السلام نے کھجور کے خوشے کو بلایا تو وہ زمین پر آ گرا، یہ دیکھ کر اعرابی۔۔۔۔ہو گیا۔ ① غمگین ② مسلمان ③ خوش

181: خدائے تعالیٰ نے۔۔۔۔کو بھی حضور علیہ السلام کے زیر فرمان کر دیا تھا۔ ① درخت کے پھلوں ② ہوا ③ سورج

182: علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کا نام نامی ہے۔ ① عیاض ② محمود ③ ایاز

183: علامہ قاضی عیاض کے والد کا نام ہے۔ ① حجاج قشیری ② موسیٰ بن عیاض ③ محمد عیسی

184: علامہ قاضی عیاض۔۔۔المذہب تھے۔ ① مالکی ② حنفی ③ شافعی

185: علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ۔۔۔ھ میں پیدا ہوئے۔ ① 544 ② 455 ③ 476

186: علامہ۔۔۔کا مراکش میں جمعہ کے دن جمادی الاخریٰ 544 ھ میں وصال ہوا۔ ① خطیب تبریزی ② قاضی عیاض ③ جلال الدین سیوطی

187: قاضی عیاض کو یحصبی اس لئے کہا جاتا تھا کہ آپ کا۔۔۔سے تعلق تھا ① قبیلہ بنی مصطلق ② قبیلہ بنی یحصب ③ قبیلہ بنی نجار

188: علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے کتابیں لکھیں۔ ① 25 ② 30 ③ 20

189: قاضی عیاض مالکی رحمہ اللہ کی سب سے زیادہ مشہور و مقبول کتاب۔۔۔ہے۔ ① الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ② اکمال المعلم ③ مشارق الانوار

190: ۔۔۔وہ متبرک کتاب ہے کہ جس مکان میں رہے اسے کوئی ضرر نہ پہنچے۔ ① شفا شریف ② مشکوٰۃ شریف ③ ھدایہ

191: غزوۂ۔۔۔میں حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کے چہرے پر ایک تیر لگا۔ ① حنین ② خندق ③ ذی قرد

192: جنگ بدر میں ابوجہل نے حضرت۔۔۔رضی اللہ عنہ کا ہاتھ کاٹ ڈالا۔ ① معاذ ② معوذ ③ امیر حمزہ

193: حضرت معوذ اپنا۔۔۔اٹھائے حاضر ہوئے حضور علیہ السلام نے اس ہاتھ پر تھوک دیا اور جوڑ دیا تو وہ اسی وقت جڑ گیا۔ ① کٹا پیر ② کٹا ہاتھ ③ ٹوٹا نیزہ

194: جنگ بدر میں حضرت حبیب بن یساف رضی اللہ عنہ کا۔۔۔ ① مونڈھا کٹ گیا ② پاؤں ٹوٹ گیا ③ چہرہ زخمی ہو گیا

195: حضرت قتادہ بن ملحان رضی اللہ عنہ کے چہرے میں اتنی چمک پیدا ہو گئی کہ اس میں چیزوں کا عکس اسی طرح دیکھا جاتا جیسے۔۔۔میں۔ ① دھوپ ② پانی ③ آئینہ

196: رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گنجے بچے کے۔۔۔پر اپنا مقدس ہاتھ پھیرا تو اُس کا گنجا پن جاتا رہا۔ ① کندھے ② بالوں ③ سر

197: جب رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم جانتے کہ زخمی کی شہادت کا وقت ابھی نہیں آیا تو اسکے بارے میں۔۔۔ ① خبر دیتے ② تصرف فرماتے ③ کچھ نہ کرتے

198: علامہ خطیب تبریزی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال مبارک۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 756 ② 740 ③ 738

199: حضور علیہ السلام نے فرمایا: یہ۔۔۔کا درخت گواہی دے گا۔ ① پیپل ② نیم ③ ببول

200: حضور علیہ السلام نے درخت کو بلایا، آپ علیہ السلام۔۔۔تھے تو وہ آپ کے پاس آ گیا۔ ① وادی کے کنارے پر ② کھلے میدان میں ③ وادئ بطحاء میں

201: درخت نے ۔۔۔ بار گواہی دی کہ حقیقت میں ایسا ہی ہے جیسا کہ آپ نے فرمایا ① دونوں ② ایک ③ تینوں

202: گواہی دینے کے بعد وہ درخت۔۔۔ ① اپنی جگہ پر چلا گیا ② وہیں ٹھہر گیا ③ غائب ہو گیا

203: علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا نام۔۔۔ہے۔ ① عبدالکریم ② عبدالرحمٰن ③ عبدالرحیم

204: علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب ہے۔ ① سعدالدین ② عساکرالدین ③ جلال الدین

205: علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت ہے۔ ① ابو الخیر ② ابو الرضاء ③ ابو الفضل

206: علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ یکم۔۔۔849 ھ میں شہر سیوط میں پیدا ہوئے۔ ① رجب ② صفر ③ رمضان

207: جب علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ۔۔۔کے تھے کہ باپ کے سایہ سے محروم ہوگئے۔ ① 1 سال دو ماہ ② 10 سال ③ 5 سال سات ماہ

208: علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے میں۔۔۔کے سب سے بڑے عالم تھے۔ ① علمِ فقہ ② علمِ حدیث ③ علمِ تفسیر

209: علامہ سیوطی نے فرمایا: مجھے۔۔۔حدیثیں یاد ہیں اگر مجھ کو اس سے زیادہ ملتیں تو انہیں بھی یاد کرلیتا ① 1 لاکھ ② دو لاکھ ③ پچاس ہزار

210: علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے کتابیں لکھیں۔ ①300 ②150 ③50

211: ۔۔۔سال کی عمر میں علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے گوشہ نشینی اختیار کر لی۔ ① 43 ② 40 ③ 34

212: علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے عمر پائی۔ ① 55 سال ② 63 سال ③ 60 سال

213: علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کا سبب بنا۔ ① ہاتھ کا ورم ② ہارٹ اٹیک ③ پیٹ کا درد

214: کاہن و کہانت کا مقام ہے۔ ① اعراف ② دوزخ ③ جنت

215: حضرموت کے زمینداروں کے سامنے۔۔۔نے گواہی دی۔ ① درختوں ② لکڑیوں ③ کنکریوں

216: کنکریوں کی تسبیح سنتے ہی زمینداروں نے کہا۔۔ ① یہ دھوکا ہے ② آپ اللہ کے رسول ہے ③ یہ جادوہے

217: حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کی۔۔۔تلوار ٹوٹ گئی۔ ① غزوۂِ احد ② بدر کی لڑائی ③ حنین کی جنگ میں

218: رسول اللہ علیہ السلام نے عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کو لکڑی دی تو وہ سفید۔۔۔ہوگئی۔ ① لمبی تلوار ② روشن ③ نیزہ

219: نبی اکرم علیہ السلام نے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کو۔۔۔دی تو جو اُن کے ہاتھ میں تلوار بن گئی۔ ① لکڑی ② درخت کی ٹہنی ③ کھجور کی شاخ

220: حضرت ابوعمرہ نے فرمایا: ایک غزوہ میں حضور علیہ السلام کے ہمراہ تھے بہت پیاسے ہوئے تو حضور نے ایک۔۔۔منگوایا۔ ① برتن ② چھاگل ③ مشکیزہ

221: حضور سیدِ عالم علیہ السلام نے چھاگل اپنے۔۔۔ رکھا۔ ① سامنے ② پیچھے ③ ہاتھ پر

222: حضور علیہ السلام نے تھوڑا سا پانی چھاگل میں ڈال کر کلی کی اور کچھ کلام پڑھا اور۔۔۔ڈال دی۔ ① لکڑی ② چھوٹی انگلی ③ ہتھیلی

223: خدا کی قسم میں نے دیکھا کہ حضور علیہ السلام کی انگلیوں سے۔۔۔ ① دودھ نکلنے لگا ② پانی کے چشمے پھوٹ پڑے ③ خون بہنے لگا

224: لوگوں نے خود پانی پیا، جانوروں کو پلایا، مشکیں بھریں یہ دیکھ کر حضور علیہ السلام۔۔۔ ① مسکرائے ② نے دعا فرمائی ③ مسرور ہوئے

225: غزوۂِ۔۔۔ میں حضور علیہ السلام نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی کھانے کی چیز ہے؟۔ ① خندق ② اُحد ③ تبوک

226: غزوۂِ تبوک میں جب سب نے اپنے توشہ دان جھاڑے تو کل۔۔۔ملیں۔ ① 7 کھجوریں ② 9 گٹھلیاں ③ 8 روٹیاں

227: حضور علیہ السلام نے کھجوروں پر اپنا مقدس۔۔۔ ① کپڑا ڈالا ② ہاتھ رکھا ③ رومال ڈالا

228: عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ نے جب گٹھلیوں کو گنا تو۔۔۔وہ تھیں۔ ① 52 ② 54 ③ 56

229: جب سب لوگ سیر ہوگئے تو حضور علیہ السلام نے اپنا ہاتھ اٹھالیا تو۔۔۔کھجوریں اسی طرح موجود تھیں۔ ① 5 ② 3 ③ 7

230: سرکارِاقدس علیہ السلام نے فرمایا: اے بلال (رضی اللہ عنہ) ان کھجوروں کو۔۔۔۔ ① کھالو ② سنبھال کر رکھو ③ بانٹ دو

231: حضور علیہ السلام نے وہ کھجوریں ایک۔۔۔کو عطا فرما دیں وہ انہیں کھاتا ہوا چلاگیا۔ ① لڑکے ② عورت ③ فقیر

232: علامہ شمس الدین ذہبی نے اپنی کتاب طبقات المقرئین میں۔۔۔کو اِمَامُ اْلاَوْحَد یعنی بے نظیر امام کہا ہے۔ ① خطیب تبریزی ② علامہ شطنوفی ③ امام ترمذی

233: حضرت علامہ شطنوفی رحمۃاللہ علیہ کا وصال مبارک۔۔۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 717 ② 713 ③ 743

234: چار بزرگ ایسے ہیں جو۔۔۔۔کو اچھا کرتے ہیں۔ ① مادر زاد اندھے اور کوڑھی ② گنجے پن ③ بیماروں

235: فرمانِ علامہ شطنوفی: میں نے ایسے چار مشائخ کو دیکھا ہے جو۔۔۔میں ایسے تصرف کرتے ہیں جیسے زندہ کرتے ہیں۔ ① سیاحت ② اپنی قبروں ③ عقیدت مندوں

236: شیخ علی بن ہیتی اُن چار بزرگوں میں سے ہیں جنہیں مشائخِ عراق بَرَءَۃٌ یعنی۔۔۔کرنے والے کہتے تھے۔ ① مادرزاد اندھے کو اچھا ② خیرات ③ سخاوت

237: ابو الثناء احمد بن عبدالحمیدنے فرمایا: ایک۔۔۔ پر شیخ سوید رحمۃاللہ علیہ نے اپنا ہاتھ مارا تو اس میں سے ایک نہایت میٹھا چشمہ پھوٹ پڑا۔ ① مٹکے ② پتھر ③ لکڑی

238: حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال مبارک۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 1052 ② 1050 ③ 1053

239: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے والد کا نام ہے۔ ① سیف الدین ② قطب الدین ③ ضیاء الدین

240: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت ہے۔ ① ابو حفص ② ابو المجد ③ ابو الخیر

241: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے آباؤ اجداد ۔۔۔ کے رہنے والے تھے۔ ① دہلی ② سمرقند ③ بخارہ

242: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ۔۔۔958ھ میں پیدا ہوئے۔ ① ماہِ رجب ② ماہِ محرم ③ ماہِ رمضان

243: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ۔۔۔۔سے دو تین مہینے میں پورا قرآن پاک پڑھ لیا۔ ① والد ② چچا ③ ماموں

244: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے۔۔۔کی قلیل مدت میں لکھنا سیکھ لیا۔ ① ایک ماہ ② چھ ماہ ③ ہفتہ

245: شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مصباح و کافیہ اپنے۔۔۔ سے پڑھی۔ ① بھائی ② استاد ③ والد

246: شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے۔۔۔میں قرآنِ مجید حفظ کرلیا۔ ① ایک سال ② دو سال میں ③ ایک سال کچھ ماہ

247: شیخ عبدالحق محدث دہلوی۔۔۔سال تک فقہائے ماوراء النہر کے درس میں رہے۔ ① نو دس ② دس گیارہ ③ سات آٹھ

248: ۔۔۔سال کی عمر میں شیخ عبدالحق مَسندِ تدریس پر جلوہ افروز ہوئے۔ ① 22 ② 25 ③ 23

249: شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے شیخ عبد الوہاب سے۔۔۔کا درس لیا۔ ① کافیہ ② مشکوٰۃ شریف ③ شرح عقائد

250: شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی ذات پر۔۔۔کو فخر ہے۔ ① پاکستان ② ہندوستان ③ بنگلا دیش

251: شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی کل تصنیفات ہیں۔ ① 60 ② 71 ③ 61

252: حضور علیہ السلام نے چار بار۔۔۔کو خواب میں جمالِ جہاں آرا کے دیدار سے مشرف فرمایا۔ ① شاہ عبدالعزیز ② شاہ ولی اللہ ③ شیخ عبدالحق

253: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار۔۔۔ میں واقع ہے۔ ① ایراق ② بغداد ③ دہلی محلہ مہرولی

254: مانگ؛ سوال کو مطلق فرمانے کسی خاص چیز سے مقید نہ فرمانے سے معلوم ہوتا ہے کہ سارا۔۔۔حضور علیہ السلام کے مقدس ہاتھوں میں ہے۔ ① اختیار ② معاملہ ③ تصرف

255: ۔۔۔کا عقیدہ ہے کہ اولیاء اللہ اپنی ظاہری زندگی اور بعدِ وصال دونوں حالتوں میں تصرف کرتے ہیں۔ ① محدث دہلوی ② سیوطی ③ شطنوفی

256: شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال مبارک ہوا۔ ① 1176ھ ② 1177ھ ③ 1178ھ

257: حضرت خلیفہ ابو القاسم اکبر آبادی سفرِ حج کے جہاز میں اپنے ساتھیوں کو سنایا کرتے تھے۔ ① سیرتِ مصطفیٰ ② تلاوتِ قرآن ③ مقاماتِ اولیاء

258: حضرت خلیفہ نے بلند آواز سے کہا۔۔۔میں خیر و عافیت سے پانی پر چل رہا ہوں۔ ① رنجیدہ نہ ہوں ② خوف زدہ نہ ہوں ③ گھبرانا نہیں

259: ۔۔۔بعض اوقات کسی کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھتے تو قوت جذف اور گرمیٔ نگاہ سے اُس کی جان نکل جاتی تھی۔ ① سیوطی ② احمد رفاعی ③ بایزید بسطامی

260: حضرت علامہ یوسف نبھانی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال مبارک۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 1350 ② 1333 ③ 1334

261: حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ۔۔۔کے ساتھ سفر حج کیلئے نکلے۔ ① جلال الدین محلی ② حضرت شاہ عبدالحق ③ حضرت شیبان راعی

262: حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ حضرت شیبان راعی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ سفر حج کیلئے نکلے تو راستے میں اُن کے سامنے آگیا۔ ① کتا ② ہاتھی ③ شیر

263: شیر نے حضرت کے الفاظ سنے تو دُم ہلانے لگا جس طرح پالتو۔۔۔دُم ہلاتا ہے۔ ① مینڈھا ② کتا ③ گھوڑا

264: ۔۔۔نے فرمایا: اگر مجھے شہرت پسند ہوتی تو میں مکہ شریف تک اپنا سامان شیر کی پشت پر لاد کر لے جاتا۔ ① سفیان ثوری ② شیبان راعی ③ علامہ سیوطی

265: شیخ محمد بن یوسف بوارقی رحمۃ اللہ علیہ سمندر کی بڑھے اور فرمایا اے۔۔۔تھم جا،اللہ کی قدرت سے۔۔۔رک گئی۔ ① لہر ② ہوا ③ کشتی

266: سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال۔۔۔ھ میں ہوا۔ ① 478 ② 578 ③ 678

267: سید احمد رفاعی رحمۃ اللہ علیہ ان چار ہستیوں میں سے ہیں جو بحکمِ الٰہی۔۔۔کر دیتے تھے۔ ① مٹی کو سونا ② مردوں کو زندہ ③ اندھیرے کو اُجالا

268: حضرت شیخ علی بن ہیتی رحمۃ اللہ علیہ متوفی۔۔۔ھ ہے۔ ① 564 ② 568 ③ 566

269: علامہ تاذفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیخ مسلمہ بن نعمہ رحمۃ اللہ علیہ ان ہستیوں میں سے ہیں جن کے تصرف میں اللہ تعالیٰ۔۔۔دیتا ہے۔ ① تکوینی نظام ② پختگی ③ قوت

270: حضرت شیخ ابو الحسن رحمۃ اللہ علیہ۔۔۔کے زمانے میں عراق کے مشہور بزرگ گزرے ہیں۔ ① علی بن ہیتی ② احمد رفاعی ③ حضرت غوث اعظم

271: ایک مرتبہ شیخ ابو الرضاء محمد مسجد میں بیٹھے تھے،رحمت اللہ کفش دُوز اُن کے سامنے۔۔۔کھڑے تھے۔ ① درخت کے نیچے ② دروازے پر ③ صحن میں

272: شیخ ابو الرضا محمد رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ نے۔۔۔ کی قوت عطا فرمائی ہے۔ ① روح کھینچنے ② پرندہ بنانے ③ ہوا میں اُڑنے

273: ایک بار سید برہان بخاری۔۔۔۔کے درد میں مبتلا ہوگئے۔ ① دِل ② پیٹ ③ قولنج

274: شیخ عبد الرحمٰن نخعی کے۔۔۔۔کے ہاں اولاد نرینہ زندہ نہیں رہتی تھی۔ ① چچا ② دادا ③ نانا

275: شیخ احمد پیدا ہوئے تو اُن کیلئے۔۔۔۔سے دعا کی درخواست کی۔ ① فقیروں ② مسکینوں ③ اولیاء اللہ

276: شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کے شعر کا ترجمہ ہے: جو علم کہ راہِ حق نہ دکھائے۔۔۔۔ہے۔ ① گمراہی ② جہالت ③ بے کار

محمد زاہد مسعود عفی عنہ دنیاپور